Human Resources Administration
Department of Homeless Services
Department of Social Services



# آپ کو FHEPS یا CITYFHEPS شاپنگ لیٹرز اور یوٹیلٹیز کے بارے میں کیا معلوم ہونا چاہیے
# (Urdu)

FHEPS کو نیو یارک شہر کے پانچ (5) بورو کے اندر ایک اپارٹمنٹ کرایہ پر لینے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ CityFHEPS کو نیو یارک اسٹیٹ میں کہیں بھی اپارٹمنٹ کرایہ پر لینے یا نیو یارک شہر کے پانچ (5) بورو کے اندر کسی اپارٹمنٹ یا سنگل روم اوکوپنسی (Single Room Occupancy, SRO) یونٹ میں ایک واحد کمرہ کرایہ پر لینے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اس دستاویز پر موجود کرایہ اور یوٹیلیٹی کی رقم صرف FHEPS کے ممکنہ کرایہ داروں یا CityFHEPS کے ممکنہ کرایہ داروں کے لیے درست ہے جو نیویارک شہر کے اندر منتقل ہو رہے ہیں۔

اگر آپ CityFHEPS کے ممکنہ کرایہ دار ہیں اور نیو یارک شہر کے باہر، لیکن نیو یارک اسٹیٹ کے اندر منتقل ہو رہے ہوں، تو ریاست بھر میں رقوم تلاش کرنے کے لیے براہ کرم DSS CityFHEPS کی ویب سائٹ https://www.nyc.gov/site/hra/help/cityfheps-documents.page پر جائیں۔

شاپنگ لیٹر پر درج رقم وہ زیادہ سے زیادہ رقم ہے جس کیلئے آپ اپارٹمنٹ کرایہ پر لے سکتے ہیں جب حرارت، گرم پانی، بجلی، اور کھانا پکانے والی گیس جیسی تمام سہولیات شامل ہوں۔

اگر آپ کچھ یا تمام یوٹیلیٹیز کے ذمہ دار ہیں تو نیچے دیا گیا چارٹ آپ کو اپنے واؤچر کے کرایے کی زیادہ سے زیادہ رقم کی نشاندہی کرنے میں مدد کرے گا:

| خاندان کا سائز | خوابگاہوں کی تعداد | ادائیگی کا معیار* (مؤثر 07/01/2025) |
|---|---|---|
| 1 | SRO** | $1,985 |
| 1 | اسٹوڈیو | $2,646 |
| 1 یا 2 | 1 | $2,762 |
| 3 یا 4 | 2 | $3,058 |
| 5 یا 6 | 3 | $3,811 |
| 7 یا 8 | 4 | $4,111 |
| 9 یا 10 | 5 | $4,728 |
| 11 یا 12 | 6 | $5,345 |
| 13 یا 14 | 7 | $5,962 |
| 15 یا 16 | 8 | $6,579 |
| 17 یا 18 | 9 | $7,196 |
| 19 یا 20 | 10 | $7,812 |

* اگر تمام یوٹیلیٹیز لیز میں شامل ہوں تو مذکورہ بالا چارٹ میں ادائیگی کے معیارات زیادہ سے زیادہ کرایے کی رقوم ہیں۔

** SRO کا اطلاق صرف CityFHEPS پر ہوتا ہے

(صفحہ پلٹیں)

# آپ کو FHEPS یا CITYFHEPS شاپنگ لیٹرز اور یوٹیلٹیز کے بارے میں کیا معلوم ہونا چاہیے

**<u>میں یہ کیسے جان سکتا ہوں کہ کون سی یوٹیلیٹیز شامل ہیں؟</u>**

- مجوزہ لیز آپ کو بتائے گی کہ کون سی یوٹیلیٹیز شامل ہیں۔
- فہرست میں یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ کون سی یوٹیلیٹیز شامل ہیں۔ *مثال کے طور پر: حرارت اور گرم پانی شامل ہیں۔*
- آپ بروکر یا مکان مالک سے پوچھ سکتے ہیں

**<u>کیا میں مکان مالک کو فرق کی ادائیگی پر متفق ہو سکتا ہوں؟</u>**

نہیں، آپ مکان مالک کو فرق کی ادائیگی پر متفق نہیں ہو سکتے۔ اسے "سائیڈ ڈیل" کہا جاتا ہے اور مکان مالک واؤچر قبول کرنے پر ایسا نہ کرنے کا وعدہ کرتے ہیں۔ اس سے یہ یقینی بنانے میں مدد ملتی ہے کہ آپ کا کرایہ لیز میں دی گئی رقم ہے اور کرایہ ہر ایک کے لیے قابل برداشت رہتا ہے۔